# اخبار الجامعہ

محمد ایوب غلام

5-7-2000 جامعہ میں مرحلہ ثانویہ تا ابتدائیہ کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔

6-7-2000 بعد نماز عصر کلیۃ الحدیث والدراسات الاسلامیہ (جامعہ دارالعلوم) میں دورہ تدریب اللغۃ العربیۃ کا افتتاحی جلسہ منعقد ہوا جلسہ کی صدارت الدکتور محمد ضیاء الرحمٰن الاعظمی ڈین کلیۃ الحدیث ورئیس الدورۃ نے کی۔

11-7-2000 اساتذہ دورۃ اللغۃ العربیۃ نے جامعہ دارالعلوم کا دورہ کیا اور امتحانی ہال میں جاکر ملاحظہ کیا اور امتحانی نظم کو تسلی بخش قرار دیا۔

13-7-2000 جامعہ دارالعلوم غواری اور فروعات کے اساتذہ کا الدکتور عاصم عبداللہ حفظہ اللہ کے ساتھ لقاء کا اہتمام کیا گیا۔ بعد ازاں جملہ اساتذہ کرام اور علماء بلتستان اور اساتذہ تدریب اللغۃ العربیۃ کے مابین (علمی مذاکرہ) الندوۃ العلمیۃ منعقد ہوا جس میں ڈاکٹر حمید اللہ عبدالقادر نے شرکت فرمائی۔ مذاکرے کا عنوان تھا "تصحیح المفاہیم حول العقیدۃ"

☆ الدکتور عبداللہ شمسان نے ادارۃ التعلیم کے جملہ ریکارڈ مناہج الجامعۃ اور نتائج وغیرہ کا تفصیل سے معائنہ کیا۔

15-7-2000 گوجرانوالہ اور شیخوپورہ سے احباب جماعت کے ایک وفد نے جامعہ دارالعلوم توحید آباد فارم اور گلشن آباد فارم کا دورہ کیا۔

20-7-2000 جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی کے سالانہ نتائج کا اعلان کیا گیا۔ کل شریک امتحان 1067 تھے۔ حافظ زاہد حسین ثانیہ متوسطہ نے اول، عبداللہ شاکر ثالثہ متوسطہ نے دوم اور حافظ ساجد اولیٰ ثانویہ نے سوم پوزیشن حاصل کی۔

21-7-2000 اساتذہ تدریب اللغۃ العربیۃ نے المرکز الاسلامی سکردو میں ایک علمی مذاکرہ منعقد کیا۔ جس میں جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے فاضل مدرسین نے بھرپور شرکت کی۔

24-7-2000 الدورۃ التدریبیۃ للغۃ العربیۃ کی اختتامی تقریب و تقسیم اسناد کے سلسلے میں ایک انتہائی پروقار اجتماع ہوا جس میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے 10 خوش نصیب طلباء کو خصوصی انعامات سے نوازا گیا۔ دیگر پاس ہونے والے طلباء کو بھی اسناد دیئے گئے۔ اور حسن کارکردگی پر

اکثر انتظامیہ جامعہ کو بھی شہادۃالتقدیراور انعامات دیئے گئے۔
اس جلسہ میں ضلع گلگت، ضلع سکردو اور ضلع گنگھے سے اہم مہمان تشریف لائے تھے۔

30-7-2000 تعلیمی کمیٹی جامعہ دارالعلوم بلتستان کی ایک اہم میٹنگ توحید آباد فارم میں ہوئی ڈاکٹر حمید اللہ عبدالقادر اور الشیخ ابراہیم خلیل الفضلی مہمان خصوصی تھے۔ اجلاس نے ایک نصابی کمیٹی تشکیل دی۔ نصابی کمیٹی کلیۃالحدیث والدراسات الاسلامیۃ کیلئے تعلیمی پروگرام اور نصاب کا ازسرِنو جائزہ لیکر ترمیم و اضافہ کرکے جدید نصاب مرتب کریگی

12-8-2000 ڈپٹی چیف ایگزیکٹو شمالی علاقہ جات جناب فدا محمد ناشاد اور سپیکر قانون ساز کونسل جناب صاحب خان نے فارم توحید آباد کا دورہ کیا ان کے ہمراہ ضلع گنگھے کے آفیسران بھی تھے۔ قائم مقام مدیر عام فضیلۃ الشیخ محمد حسن اثری کے کلمات سپاس کے جواب میں جناب ناشاد صاحب نے تقریر کرتے ہوئے وعدہ کیا کہ شمالی علاقہ جات میں قرآن وسنت کا نظام نافذ کیا جائے گا۔

19-8-2000 جامعہ دارالعلوم کے متوسطہ، ثانویہ اور عالیہ مراحل کے طلباء اور اساتذہ کو پرانی عمارت واقع گرلی کھور سے کلیۃالحدیث الشریف والدراسات الاسلامیۃ بمقام منجر منتقل کر دیا گیا اور تعلیمی سال ۲۱۔۱۴۲۲ھ، ۰۰۔۲۰۰۱ء کا آغاز ہوا۔

22-8-200 الشیخ فلاح خالد مطیری مدیر لجنۃ القارۃ الھندیہ کویت، الشیخ عارف جاوید صاحب الشیخ احمد ابراہیم الحذیفۃ اور الشیخ حافظ ثناء اللہ الزاھدی تشریف لائے۔ انہوں نے ایک سادہ وپروقار تقریب کے ساتھ کلیۃالحدیث الشریف کا افتتاح کیا۔
جناب الشیخ احمد ابراہیم الحذیفہ نے مسجد نبیلہ الحذیفہ ملا عبدلپا غواڑی اور جامع مسجد چھور کا ڈشگر کا بھی دورہ کیا۔
مہمانان گرامی نے الاثر پبلک سکول غواڑی، کلیۃالدراسات الاسلامیہ للبنات و مکتبۃ الجامعۃ کا بھی معائنہ کیا۔

28-8-2000 معہد خدیجۃ الکبریٰ میں سال تعلیمی00-2001 کا آغاز ہوا۔
ضلع دیامر، گلگت، بشام اور سکردو وغیرہ سے علماء کونسل نادرن ایریاز کا ایک 12 رکنی وفد مطالعاتی دورہ پر تشریف لایا۔

29-8-2000 معالی الشیخ صالح الحصین حفظہ اللہ تشریف لائے اور برنامج المساعدۃ التعلیمیہ سکردو، کلیۃالحدیث

والدراسات الاسلامیہ غواڑی اور تعمیراتی امور کا معائنہ فرما کر مفید مشوروں سے نوازا۔ کلیۃ الحدیث میں جملہ کلاسوں کا دورہ کیا۔

2-9-2000 الشیخ محمد شریف بلغاری مسئول الایتام بیت الزکاۃ الکویتی کے زیر اہتمام بلتستان کے ایتام کا ایک روزہ تعلیمی، تربیتی اور ثقافتی پروگرام منعقد ہوا۔

13-9-2000 انتظامیہ جامعہ دارالعلوم بلتستان اور تعلیمی کمیٹی کے مشترکہ اجلاس کی پہلی نشست منعقد ہوئی جس میں کلیۃ الدراسات الاسلامیۃ للبنات اور مرحلہ ابتدائیہ وغیرہ اور کلیۃ الحدیث بمقام منجر کے لئے اساتذہ کی تقسیم عمل میں آئی اور کلیۃ الحدیث کے لئے مشرفین مقرر کئے گئے۔

17-9-2000 مکتبۃ الجامعہ میں تعلیمی کمیٹی اور نصابی کمیٹی کا مشترکہ اجلاس ہوا جس میں نئے تیار شدہ مسودہ نصاب پر غور کیا گیا۔ اور کچھ ترمیم کے بعد منظور کیا گیا۔

دوران میٹنگ ''معہد خدیجۃ الکبریٰ'' کا نام بدل کر ''کلیۃ الدراسات الاسلامیہ للبنات'' رکھنے کی تجویز بالاتفاق منظور کی گئی اور طے پایا کہ کلیہ چار سال کا ہوگا، جبکہ ثانویہ تین سال اور متوسطہ تین سال اور ابتدائیہ چار سال کا ہوگا۔ اس طرح کل تعلیمی سال چودہ رہیں گے۔

23-9-2000 مولانا عبدالباقی صاحب سابق وزیر صوبہ سرحد نے جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی اور توحید آباد فارم وغیرہ کا دورہ کیا۔

24-9-2000 تعلیمی کمیٹی اور نصاب کمیٹی کے مشترکہ اجلاس کی دوسری نشست ہوئی۔ جس میں کلیۃ الحدیث کیلئے کمیٹی کے تیار کردہ مسودہ نصاب پر غور و خوض اور تفصیلی بحث مباحثہ کے بعد چند ترامیم و اضافہ کیساتھ رسمی منظوری دی گئی۔ نیز بعد نماز عصر انگلش، ریاضی، سائنس تمام طلباء کو پڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔

1-10-2000 جمعیت اہلحدیث بلتستان کے سابقہ پانچ سالہ کابینہ کی میعاد ختم ہونے پر نیا ڈھانچہ بنانے کیلئے نو منتخب مجلس شوریٰ کا اجلاس ہوا۔ جس میں اہم انتظامی ارکان کے عہدوں کی تجدید کی گئی۔

15-11-2000 جامعہ دارالعلوم بلتستان میں سالانہ تعطیلات شروع ہوئیں۔

18-11-2000 وفاق المدارس السلفیہ پاکستان کے زیر اہتمام مرحلہ عالیہ اور عالمیہ کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔

31-12-2000 جامعہ دارالعلوم بلتستان کے شیخ الحدیث اور مجلس مشاورت مجلّہ التراث کے اعزازی رکن فضیلۃ الشیخ عبدالرشید ندوی چھ ماہ صاحب فراش رہنے کے بعد غواڑی میں رحلت فرماگئے۔

﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾